علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**عنوان: ملکیت اراضی شفعہ اور وقف کا اسلامی قانون (۴۵۹۴)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: ایم اے (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر ا

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ زمین کی ملکیت اور ارضی حقوق کے اسلامی تصور کو واضح کریں۔ اس تناظر میں فرد اور معاشرے کے درمیان توازن کی وضاحت بھی کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ ریاست کی جانب سے زمین کی جبری خریداری کے جواز کا تجزیہ کریں۔اس عمل کے ممکنہ فوائد اور مسائل پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بنجر زمین کی آبادکاری کے اصولوں کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ عمل معاشی ترقی میں کیسے مددگار ثابت ہوتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ قدرتی وسائل جیسے چراگاہوں،کانوں اور معدنیات کے استعمال سے متعلق اسلامی تعلیمات کی تشریح کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اسلامی قانونِ شفعہ کے بنیادی تصور کو بیان کریں اور اس کی معاشرتی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ شفعہ کی شرائط اور اس کے اطلاق کے طریقہ کار کی وضاحت کریں۔مثالوں کے ذریعے اس کی عملی حیثیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ شفعہ سے متعلق مختلف احکام کا جائزہ لیں اور ان کے معاشرتی اثرات پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ وقف کے اسلامی تصور کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ فلاحی نظام کو کیسے مضبوط بناتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ وقف کے راستے میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کریں اور ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ وقف کی مختلف اقسام اور ان کے استعمال کی وضاحت کریں، خصوصاً مساجد، مدارس اور ہسپتالوں کے تناظر میں۔ (20)